سورۃ الھمزۃ
Chapter 104 — The slanderer

آیات 9

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ وار اور قدم بہ قدم مدد و رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے (وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

وَیۡلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِۣ ﴿۱﴾

1- تباہی و بربادی ہے ایسے تمام لوگوں کے لئے جو (انسانوں کو) طعنے دیتے رہتے ہیں اور ان کے عیبوں کی تلاش میں لگے رہتے ہیں۔

الَّذِیۡ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَہٗ ﴿۲﴾

2- (اور تباہی و بربادی ہے اس کے لئے) جس نے مال و دولت کو جمع کر رکھا اور اسے گن گن کے رکھتا رہتا ہے، (یہ دیکھنے کے لئے کہ اس میں کتنا اور اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ کہیں کسی ضرورت مند کے کام تو نہیں آ گیا)۔

یَحۡسَبُ اَنَّ مَالَہٗۤ اَخۡلَدَہٗ ﴿۳﴾

3- (اور یوں مال جمع کرنے والے کا) خیال یہ ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اسے (مصیبتوں اور بُرے انجام سے محفوظ) رکھے گا۔

کَلَّا لَیُنۡۢبَذَنَّ فِی الۡحُطَمَۃِ ﴿۴﴾

4- مگر یہ تو ہرگز ایسا نہیں ہوگا۔ وہ تو ضرور حطمہ میں جھونک دیا جائے گا۔

وَمَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا الۡحُطَمَۃُ ﴿۵﴾

5- اور کیا تم نے دانش و حقائق کی گہرائیوں میں اُتر کر دیکھا ہے کہ حطمہ کیا ہے؟

نَارُ اللّٰہِ الۡمُوۡقَدَۃُ ﴿۶﴾

6- (حطمہ) اللہ کی ایک بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔

الَّتِیۡ تَطَّلِعُ عَلَی الۡاَفۡـِٕدَۃِ ﴿۷﴾

7- (اور یہ وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے) جو دلوں تک جا پہنچے گی (یعنی یہ مسرتوں و خوشگواریوں کے احساسات و جذبات کو

EBooks Land www.ebooksland.blogspot.com

راکھ کر ڈالے گی)۔

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ﴿۸﴾

8-اوراس میں کوئی شبہ ہی نہ رکھنا کہ وہ ان پر (ہر طرف سے گھیرا ڈال کرانہیں اپنے اندر) بند کر لے گی۔

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾ ع 1 9 29

9-(یہ آگ) بڑے لمبے لمبے ستونوں میں ہے (جہاں وہ ان لوگوں کو بند کر لے گی جو مال و دولت کی ہوس والے بخیل و ظالم ہوں گے)۔

EBooks Land www.ebooksland.blogspot.com